مطبوعات

حکومت الٰہیہ :- مترجمہ رئیس احمد صاحب جعفری۔ شائع کردہ :- نفیس اکیڈمی، عابد روڈ، حیدرآباد دکن۔ قیمت مجلد معہ گرد پوش ۲ روپے ۱۲ آنے۔

یہ ترجمہ ہے جناب عبدالوہاب مصری کی کتاب "السیاسۃ الشرعیۃ" کا۔ اس میں اسلام کے نظام سیاسی کے اہم گوشوں پر اجمالاً روشنی ڈالی گئی ہے، اور متعدد نازک اختلافی مسائل کو چھیڑ کر سرسری بحث پر اکتفا کر لیا گیا ہے۔ یہ صورت اوسط درجہ کے مطالعہ کرنے والوں کے لیے مفید نہیں ہو سکتی۔

یہ بات بھی معلوم ہے کہ مصر کی مغرب زدہ فضا میں اسلامیات پر جو لٹریچر تیار ہوا ہے اس میں اسلام اور وقت کے رجحانات میں مصالحت کرانے کے لیے جو مواد بھرا جاتا رہا ہے، اس سے یہ کتاب بھی "محروم" نہیں رہی۔ البتہ اس کو نسبتہً کچھ کم حصہ ملا ہے۔

رسالہ الحسنات : زیر ادارت جناب ابو سلیم محمد عبدالحیٔ صاحب۔ مقام اشاعت: دفتر رسالہ الحسنات رام پور (ریاست) یوپی۔ چندہ سالانہ ۳ روپے ۸ آنے۔

یہ رسالہ مسلمان عورتوں، لڑکیوں اور لڑکوں کو صالح ذہنی غذا مہیا کرنے کے لیے جاری کیا گیا ہے "...ایک مسلمان نے یہ جرأت کی ہے کہ اس فضاء اسلام ناشناس میں خالص اسلامی فکر و اخلاق کو نشر کرے۔"

"... مہینے کے پرچے میں آپ کو صرف یہی نہیں کہ عقائد اسلامی اور فلسفۂ قرآنی کے جواہر ریزے آسان زبان اور دلکش پیرائے میں ملیں گے، بلکہ اس کے ساتھ جدید تمدنی معلومات کا ایک ذخیرہ بھی پیش دست ہو سکے گا۔"

"آسان زبان میں لکھنا خود ایک مشکل کام ہے اور پھر عورتوں، اور بچوں کے لیے لکھنا تو اور بھی

نازک فن ہے، اس کے لیے زبان پر ماہرانہ قدرت، نفسیات کا وسیع علم اور فن تعلیم سے ایک گونہ واقفیت ضروری ہے۔ جناب مدیر نے بہت ہی نازک ذمہ داری کو محض اپنے خلوص کے بل پر سنبھالا ہے اور اسے پورا کرنے کے لیے انھیں ابھی بہت زیادہ محنت کرنا پڑے گی۔ لیکن ایک کوشش کی ابتدا میں جو کمزوریاں ہوتی ہیں وہ آگے بڑھنے سے چھٹتی جاتی ہیں۔ الحسنات کے تین پرچوں میں جو رفتار ارتقا پائی جاتی ہے، وہ اگر قائم رہی تو شاید یہ پرچہ عورتوں اور بچوں کے کم خواندہ حلقہ کے لیے ایک نعمت بن کے رہے گا۔

خریداران ترجمان القرآن سے التماس

۱۔ چندہ کے منی آرڈر کوپن پر اپنا پورا پتہ صاف اور خوش خط لکھیے۔ (خصوصاً ڈاکخانہ اور ضلع کا نام انگریزی کے بڑے حروف میں درج کیجیے)۔ سابق نمبر خریداری بھی تحریر فرمایئے۔

۲۔ وقتی طور پر اگر ایک دو ماہ کے لیے پتہ تبدیل کرانا ہو تو براہ کرم اپنے ڈاکخانہ کو نئے عارضی پتہ پر پرچہ Re-direct کرنے کی ہدایت کر دیا کیجیے اور مستقل طور پر پتہ بدلنا ہو تو رسالہ کے دفتر کو لکھیے۔ ورنہ باربار اندراجات کو بدلنے سے دفتر باقاعدگی کو برقرار نہیں رکھ سکتا۔ نیز تبدیلیٔ پتہ کی فرمائش ۵ تاریخ تک دفتر کو پہنچ جانی چاہیے جس میں پہلا پتہ اور نیا تبدیل شدہ پتہ دونوں نمبر خریداری کے حوالہ کے ساتھ درج ہوں۔

۳۔ اجرائے رسالہ کے لیے پیشگی چندہ بھیجیے یا وی پی کی اجازت دیجیے، قرض یا وعدے پر رسالہ جاری نہیں کیا جاتا ہے۔

۴۔ رسالہ ترجمان القرآن کے معاملات میں مرکز جماعت اسلامی کے کسی دوسرے شعبے کو مخاطب نہ کیجیے اور نہ دوسرے شعبوں سے متعلقہ امور ہمارے دفتر کے معاملات میں خلط ملط کرکے لکھیے اگر خدانخواستہ آپ ان گذارشات کو نظر انداز کریں گے تو دفتر کی مجبورانہ کوتاہیوں کی ذمہ داری آپ پر ہوگی۔

"منیجر"